أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ

[illegible] من ايام سعادت [illegible] ساعة

و توقیتات [illegible] بیان [illegible] ساعات [illegible]

خلاصة الدعوات

مصنفہ عالیجناب قدسی انتساب بحر العلوم حجۃ الاسلام افقہ
الفقہاء الاکرم السید المجتہدین سلطان المتکلمین سیدنا السید مولانا
المفتی جناب قبلہ و کعبہ السید علی محمد صاحب تاج العلماء اعلی اللہ مقامہ

در مطبع اثنا عشری باہتمام سید عابد علی رضوی طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ علی خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین

اما بعد واضح ہو کہ کمترین بندہ گنہگار رحمت خدا کا امیدوار سید علی محمد

ابن العلم العلامۃ الفہامۃ ... القدوۃ المجتہد سلطان العلماء

... السید محمد ... اعلی اللہ مقامہ ... کہ

... [illegible]

... [illegible]

... [illegible]

... [illegible]

... منتخب الدعوات ... زبان اردو میں ترجمہ

کیا ... اور اسکا نام ... خلاصۃ الدعوات

... [illegible]

... فصل پہلا بیان فضیلت دعا میں ہے جاننا چاہیئے

[legibility note: heavily degraded lithographed Urdu text; only partial reading possible]

آیات متکاثرہ و روایات متظافرہ اصحاب عصمت و طہارت سے فضیلت دعا مین وارد ہین چنانچہ حق تعالیٰ فرماتا ہے وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ یعنی جبکہ سوال کرین تجھسے ای محمد بندے میرے حال سے میرے پس کہہ تحقیق کہ مین قریب ہون اور قبول کرتا ہون دعا کو دعا کرنیوالے کی جبکہ دعا کرے پس چاہیے کہ دعا مانگین مجھسے اور ایمان لائین میرا شاید کہ راہ راست کو پہونچین اور فرماتا ہے اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ یعنی دعا کرو اور میری عبادت کرو تا کہ قبول کرون مین دعا تمہاری برستیکہ جو سرکشی کرتے ہین میرے عبادت سے پس قریب ہے کہ داخل جہنم ہون بذلت و خواری تمام اور ارشاد کرتا ہے قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ یعنی کہو اے محمدؐ کہ نہوتی قدر و منزلت تمہاری نزدیک میرے پروردگار کے اگر نہوتی دعا و عبادت اور ثقۃ الاسلام محمد بن یعقوب کلینی طاب ثراہ نے کتاب کافی مین حضرت رسالت پناہؐ سے روایت کی ہے کہ اون حضرت نے فرمایا کہ آیا تعلیم کرون تمہین ایسی چیز کہ وہ بمنزلہ سلاح ہو اور نجات دے تمہین تمہارے دشمنون سے اور زیادہ ہو بسبب اوس کے روزی تمہاری عرض کیا اونھون نے کہ ہان اے رسولخدا بعد ازان حضرت نے فرمایا کہ شب و روز دعا کرو خدا سے بتحقیق کہ سلاح مؤمن دعا ہے اور اوسی کتاب مین مسطور ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے اونکے اصحاب نے پوچھا کہ کون عبادت بہترین عبادات ہے اون حضرت نے فرمایا کہ کوئی چیز نزدیک

فرماتا ہے کہ جلد برلاؤ حاجت اسکی کہ مین دشمن رکھتا ہون اسے اور آواز
اسکی مجھے ناگوار ہے اور علی بن ابراہیم نے اپنی تفسیر مین روایت کی ہے
کہ ایک شخص نے خدمت مین اونحضرت کے عرض کیا کہ فدا ہون مین آپ پر
سے تحقیق کہ حق تعالی فرماتا ہے اُدْعُونِی اَسْتَجِبْ لَکُمْ یعنی دعا مانگو
مجھسے کہ مستجاب کرونگا مین حالانکہ ہم دعا کرتے ہین اور مستجاب نہین ہوتی
اونحضرت نے فرمایا کہ تم عہد خدا پر وفا نہین کرتے اور کتاب عدة الداعی
مین مسطور ہے کہ جناب رسالتمآب ص نے فرمایا کہ لقمۂ حرام کہانا ساتھ عبادت
کے عمارت بنانا ہے ریگ پر **فائدہ تیسرا** بیان مین اس امر کے کہ کن مکانون
مین اور کن وقتون مین دعا مستجاب ہوتی ہے حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام سے منقول ہے کہ تین وقتون مین دعا قبول ہوتے ہے بعد
نماز فریضہ کے اور وقت بارش باران اور بوقت ظاہر ہونے کسی پیغمبر یا امام
کے معجزہ کے اور اونہین حضرت سے ماثور ہے کہ دعا چار وقت مین قبول ہوتی
ہے نماز وتر مین اور بعد نماز صبح اور بعد نماز ظہر و بعد نماز شام لیکن مقام استجابت دعا کے
پس افضل اونمین سے روضۂ منورۂ حضرت امام حسین علیہ السلام ہے
اور مسجد الحرام اور عرفات اور مزدلفہ اور مسجد مدینہ اور مسجد کوفہ اور سب روضی
ائمہ معصومین ع کے **فائدہ چوتھا** بیان مین اون آداب کے کہ رعایت اونکی
سزاوار ہے واسطے دعا کرنیوالے کے پہلے وہ چیزین ہین کہ قبل دعا سزاوار
ہے بجالانا اونکا چنانچہ مرد مومن کو چاہیئے کہ تعقیب کو متصل نماز کے واقع
کرے اور باوضو ہو اور رو بقبلہ بیٹھا ہو بلکہ بہتر یہ ہے کہ بہیئت تشہد بیٹھا
ہو سزاوار ہے کہ اثنای تعقیب مین کلام نکرے بلکہ احوط یہ ہے کہ جمیع

تمہارے لئے کیا تعقیب میں [illegible] کیے اور شروع [illegible] کرے اس لئے

[illegible] حضرت امام [illegible] علیہ السلام سے منقول ہے کہ [illegible] خیال [illegible]

منظور و مقصود ہو اور [illegible] ابتدا [illegible]

[illegible] آواز [illegible] الرحیم [illegible]

[illegible] سے روایت کی ہے کہ [illegible] وقت میں [illegible]

[illegible] کتاب [illegible] حضرت امام جعفر صادق علیہ

السلام سے روایت کی ہے کہ جب [illegible]

[illegible] دنیا یا آخرت سے [illegible]

[illegible] رسالت [illegible]

[illegible] خدا سے [illegible]

حضرت [illegible] سے منقول ہے کہ جب تو دعا [illegible]

[illegible] اور مدح و ثنا [illegible] جناب رسالت مآب [illegible] آل [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

غاسق اذا وقب ومن شر النفاثات فی العقد ومن شر
حاسد اذا حسد و برب الناس ملک الناس اله الناس من
شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس
من الجنة والناس تو جان و مال او فرزند او سکے جمیع آفتوں اور
بلاؤں سے محفوظ رہیں گے اور محمد بن کلینی طاب ثراہ نے انہیں حضرت
سے بسند معتبر روایت کی ہے کہ جو کہ بعد نماز فریضہ کے قبل زانو بدلنے کے
تین مرتبہ یہ دعا پڑھے تو حق تعالیٰ گناہ اوسکے بخش دیتا ہے اگرچہ مثل کف
دریا ہوں استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم
ذوالجلال والاکرام واتوب الیه اور سید بن طاؤس علیہ الرحمہ
نے جمیل بن دراج سے روایت کی ہے کہ ایک شخص خدمت بابرکت حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اے مولا میرے
سن میرا زیادہ ہوا اور سب عزیز و اقربا میرے مر گئے اور کوئی مونس نہیں
رکھتا ہوں اور خائف ہوں کہ قضا میری بھی دامن گیر ہو حضرت نے فرمایا
کہ برادران ایمانی بہتر ہیں انس و محبت میں عزیزوں سے اور اگر درازی عمر
اپنی اور عزیزوں اور دوستوں کے چاہتا ہے تو بعد ہر نماز فریضہ کے یہ
دعا پڑھے اللھم صل علی محمد وال محمد اللھم ان رسولک
الصادق المصدق الامین صلواتک علیه واله قال انک
قلت ما ترددت فی شیء انا فاعله کترددی فی قبض
روح عبدی المؤمن یکره الموت واکره مساءته اللهم
صل علی محمد وال محمد وعجل لولیک الفرج والعافیة

وَالنَّصْرَ وَلَا تَسُوْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ وَلَا فِیْ اَحَدٍ مِّنْ اَحِبَّتِیْ
اور اگر چاہے تو اپنے دوستون کا ذکر کرے تو لَا فِیْ فُلَانٍ وَّلَا فِیْ
فُلَانٍ کہے راوی نے کہا کہ جب مینے مداومت کی اس دعا پر تو اسقدر
عمر میری طولانی ہوئی کہ مین زندگی سے اپنی سیر اور ملول ہوگیا اور جناب
مولانا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ نے مقباس مین فرمایا ہے کہ یہ دعا بہت
معتبر ہے اور سب دعاؤن کی کتابون مین مرقوم ہے اور شیخ طوسی علیہ
الرحمہ نے بسند معتبر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت
کی ہے کہ چاہئے نماز پڑھے نہ اوٹھے جب تک کہ لعن نکرے بنی امیہ پر پس
چاہئے کہ کہے اَللّٰھُمَّ الْعَنْ بَنِیْ اُمَیَّۃَ اور جناب ملا محمد باقر مجلسی طاب
ثراہ نے مقباس مین لکھا ہے کہ روایت معتبرہ مین ماثور ہے حضرت
امام محمد باقر علیہ السلام سے کہ عبادت جناب باری نہین کی گئی اور
تعظیم و تکریم و تمجید جناب اقدس الٰہی نہین بجالائے گی کہ بہتر ہو تسبیح
حضرت فاطمہ علیہا السلام سے اسلئے کہ اگر کوئی اور عبادت بہتر ہوتے
تسبیح سے تو جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وہ بے حضرت فاطمہ علیہا
السلام کو عنایت فرماتے اور فضیلت تسبیح مین بہت روایتین وارد ہین
کہ احصا اوسکا نہین ہوسکتا اور شمار مین وہ نہین آسکتین اور کیفیت
مین اوسکی احادیث مختلف وارد ہین اور اشہر واظہر یہ ہے کہ چونتیس
بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور تینتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور تینتیس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ
کہے اور مستحب ہے کہ تسبیح خاک تربت حضرت سید الشہدا علیہ السلام
کی اس لیے کہ تسبیح خاک شفا مین ثواب عظیم ہے چنانچہ حضرت امام

ال منقول ہے کہ جو سجہ خاک پاک تربت امام حسین سے

جعفر صادق علیہ السلام نے ایک تسبیح پڑہی تو حق تعالیٰ چار سے گناہ اوسکے محو کرتا ہے اور چارسو حسنہ نامہ عمل مین اوسکے ثبت فرماتا ہے اور چار سے حاجتین اوسکی برلاتا ہے اور چار سے درجہ اوسکے لئے بلند کرتا ہے اور مستحب ہے کہ ڈورا تسبیح کا کبودی یعنی برنگ آسمانی ہو

فصل دوسری خاص تعقیب نماز ظہر مین

ہی مستحب ہے کہ بعد نماز ظہر ڈارہی داہنے ہاتھ سے تہامے اور بائین ہاتھ کو آسمان کیطرف بلند کرے اور سات بار کہے یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ اور ابن ادریس علیہ الرحمہ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بسند صحیح روایت کی ہے کہ درود بہیجنا جناب رسالتمآب اور اونکے آل اطہار پر درمیان نماز ظہر وعصر ثواب اسکا برابر ہے ساتھ ثواب ستر رکعتون کے اور کفعمی نے اونہین حضرت سے روایت کی ہے کہ جو شخص بعد نماز صبح اور نماز ظہر پڑہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وہ تو نہ مریگا یہانتک کہ ملازمت حاصل کرے قائم آل محمد یعنی حضرت صاحب العصر علیہ السلام سے اور سید ابن طاؤس رحمہ اللہ نے حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے بسند معتبر روایت کی ہے کہ اون دعاؤن مین سے کہ جنہین جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ بعد نماز ظہر پڑہتے تھے یہ دعا ہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ

كل اثم اللهم لا تدع لي ذنبا الا غفرته ولا هما الا
فرجته ولا كربا الا كشفته ولا سقما الا شفيته ولا
عيبا الا سترته ولا رزقا الا بسطته ولا دينا الا قضيته
ولا خوفا الا امنته ولا سوءا الا صرفته ولا حاجة
هي لك رضى ولي فيها صلاح الا قضيتها امين رب
العالمين اور اسی طرح سید ابن طاؤس علیه الرحمه نے بسند معتبر
خادم حضرت امام جعفر صادق علیه السلام سے روایت کی ہے کہ ہما
اوسنے کہ وہ حضرت بعد ہر نماز کے بہت دعائین پڑہتے تھے مینے عرض
کیا کہ اے مولا میرے بعضی دعائین مجھے بہی تعلیم کیجیے اون دعاؤن
مین سے کہ جنہین آپ پڑہتے ہین اون حضرت نے ارشاد کیا کہ جب
نماز ظہر سے فارغ ہو تو دس بار کہہ بالله اعتصمت وبالله اثق
وعليه اتوكل بعد ازان کہہ اللهم ان عظمت ذنوبي
فانت اعظم وان كبر تفريطي فانت اكبر وان دام بخلي فانت اجود
اللهم اغفر لي عظيم ذنوبي بعظيم عفوك وتفريطي بظاهر
كرمك واقمع بخلي بفضل جودك اللهم ما بنا من نعمة
فمنك لا اله الا انت استغفرك اور کتاب فقہ الرضا مین منقول
ہے کہ بعد نماز ظہر ہاتھ طرف آسمان کے بلند کر اور یہ دعا پڑہ اللهم اني
اتقرب اليك بجودك وكرمك واتقرب اليك بمحمد عبدك
ورسولك واتقرب اليك بملائكتك وانبيائك ورسلك
ان تصلي على محمد وال محمد واسئلك ان تقيل

عَثْرَتِیْ وَتَسْتُرُ عَوْرَتِیْ وَتَغْفِرُ ذُنُوْبِیْ وَتَقْضِیْ حَوَائِجِیْ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ بِقَبِیْحِ فِعَالِیْ فَاِنَّ جُوْدَكَ وَعَفْوَكَ یَسَعُنِیْ بعد ازان سجدہ کرا ور سجدہ مین کہہ یَا اَهْلَ التَّقْوٰی وَالْمَغْفِرَةِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَنْتَ مَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ وَرَازِقِیْ اَنْتَ خَیْرٌ لِیْ مِنْ اَبِیْ وَاُمِّیْ وَمِنَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ بِیْ اِلَیْكَ فَقْرٌ وَفَاقَةٌ وَاَنْتَ غَنِیٌّ عَنِّیْ اَسْئَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِیْمِ کَمَا اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اِخْوَانِهِ النَّبِیِّیْنَ وَالْاَئِمَّةِ الطَّاهِرِیْنَ وَتَسْتَجِیْبَ دُعَائِیْ وَتَرْحَمَ تَضَرُّعِیْ وَاصْرِفْ عَنِّیْ اَنْوَاعَ الْبَلَاءِ یَا رَحْمٰنُ

فصل تیسری مخصوص تعقیب نماز عصر مین

ہے جناب امام بحق ناطق حضرت جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص بعد نماز عصر ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ کہے تو حق تعالے سات سے گناہ اوسکے بخشتا ہے اور شیخ طوسی رح اور سید ابن طاؤس نے بسند ہاے معتبر او نہین حضرت سے روایت کی ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ نے ارشاد کیا کہ جو شخص ہر روز بعد نماز عصر ایکبار یہ استغفار پڑہے تو حق تعالے اون دو فرشتون کو کہ جو اوسکے نامۂ عمل کے لکھنے کو معین ہوے ہین حکم کرتا ہے کہ اوسکے گناہون کے صحیفہ کو چاک کر دو اور وہ استغفار یہ ہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَسْئَلُهُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیَّ تَوْبَةَ عَبْدٍ ذَلِیْلٍ خَاضِعٍ فَقِیْرٍ بَائِسٍ مِسْكِیْنٍ مُسْتَجِیْرٍ لَا یَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَلَا مَوْتًا وَلَا حَیٰوةً وَلَا نُشُوْرًا اور شیخ طوسی اور علم الہدیٰ سید مرتضیٰ علیہ الرحمہ وغیرہ نے حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص بعد نماز عصر دس مرتبہ سورہ انا انزلناہ پڑہے تو حق تعالے

اوسے ثواب عطا کرتا ہے برابر ثواب اعمال حسنہ تمام مخلوقات کے اون عملونمین سے
کہ جو اوس روز ہوے ہون اور محاسن برقی مین بسند صحیح منقول ہے کہ حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ بہترین اعمال کیا ہے حضرت نے جواب
مین ارشاد کیا کہ بعد نماز عصر کے سو بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
کہنا اور جسقدر زیادہ کہے بہتر ہے اور اونہین حضرت سے بسند صحیح منقول ہے کہ
جو شخص روز جمعہ بعد نماز عصر سات بار پڑہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ
مُحَمَّدٍ نِ الْاَوْصِيَاۤءِ الْمَرْضِيِّيْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ
بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ
تو حق تعالی اوس شخص کو ثواب عبادت جن وانس کرامت فرماتا ہے اور بعض
روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک بار بہی پڑہنا کافی ہے اور بسند معتبر ماثور
ہے کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام بعد نماز عصر یہ دعا پڑہتے تھے سُبْحَانَ
ذِي الطَّوْلِ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِي الْقُدْرَةِ وَالْاَفْضَالِ اَسْاَلُ اللّٰهَ
الرِّضَا بِقَضَاۤئِهٖ وَالْعَمَلَ بِطَاعَتِهٖ وَالْاِنَابَةَ اِلٰى اَمْرِهٖ فَاِنَّهٗ سَمِيْعُ الدُّعَاۤءِ
اور شیخ رحمہ اللہ وغیرہ نے تعقیب عصر مین اس دعا کو بہی لکہا ہے اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ نَفْسٍ لَا تَقْنَعُ وَمِنْ بَطْنٍ لَا يَشْبَعُ وَمِنْ قَلْبٍ
لَا يَخْشَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَدُعَاۤءٍ لَا يُسْمَعُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ
الْيُسْرَ بَعْدَ الْعُسْرِ وَالْفَرَجَ بَعْدَ الْكَرْبِ وَالرَّخَاۤءَ بَعْدَ الشِّدَّةِ
اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَ
اَتُوْبُ اِلَيْكَ **فصل چوتھی** خاص تعقیب نماز مغرب مین ہے اور
بعض اون دعاؤن مین کہ مشترک ہین درمیان نماز مغرب و نماز صبح یا سا نید

صیحہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص بعد نماز
صبح یا نماز مغرب قبل اسکے کہ کسی سے کلام کرے سات بار کہے بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ تو حق تعالے
دفع کرتا ہے اوس سے ستر آفتین کہ ادنی اون مین سے جذام و برص ہے
اور کلینی نے بسند معتبر اونہین حضرت سے روایت کی ہے کہ جو بعد نماز مغرب
تین بار کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ وَلَا یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ
غَیْرُہٗ تو حق تعالی اوسے خیر کثیر عطا کرتا ہے۔ اور کلینی اور شیخ طوسی وغیرہ
نے بسند صحیح روایت کی ہے کہ ایک شخص نے خدمت مین اون حضرت
علیہ السلام کی عرض کیا کہ درد چشم سے مین بہت متاذی ہون حضرت نے
فرمایا کہ آیا تو چاہتا ہے کہ مین تجھے ایسی دعا تعلیم کرون کہ نافع ہو واسطے تیرے
دنیا و آخرت مین اور تو بسبب اوسکے درد چشم سے نجات پائی عرض کی اوسنے
کہ ہان اے فرزند رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ حضرت نے فرمایا کہ بعد نماز صبح
و مغرب کہہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَیْکَ اَنْ
تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ وَالْبَصِیْرَۃَ
فِیْ دِیْنِیْ وَالْیَقِیْنَ فِیْ قَلْبِیْ وَالْاِخْلَاصَ فِیْ عَمَلِیْ وَالسَّلَامَۃَ فِیْ
نَفْسِیْ وَالسَّعَۃَ فِیْ رِزْقِیْ وَالشُّکْرَ لَکَ اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ اور سید
ابن طاوس علیہ الرحمہ اور ابن بابویہ طاب ثراہ نے بسند صحیح حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو کہ بعد نماز صبح
و نماز مغرب کے قبل اسکے کہ زانو بدلے یا کسی سے ہم کلام ہو ایکبار
اسطرح صلوات بھیجے جناب رسالت مآب پر اور انکے اہلبیت پہ تو حق تعالے

سو حاجتین اوسکی برلاتا ہے ستر حاجتین آخرت کی اور تیس حاجتین دنیا کی
اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا
عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَعَلٰى
ذُرِّيَّتِهٖ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ اور بروایت ابن بابویہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَذُرِّيَّتِهٖ اور نصر ابن مزاحم نے کتاب صفین مین روایت کی ہے کہ حضرت
امیر المومنین علیہ السلام بعد نماز مغرب یہ دعا پڑھتے تھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
يُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كُلَّمَا وَقَبَ
لَيْلٌ غَسَقَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كُلَّمَا لَاحَ نَجْمٌ وَخَفَقَ اور شیخ طوسی علیہ
الرحمہ وغیرہ نے کہا ہے کہ سنت ہے یہ کہ بعد نماز مغرب دس بار کہے مَا شَاءَ
اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اور کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ
اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ وَمِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَ
الْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالرِّضْوَانَ فِيْ دَارِ السَّلَامِ وَجِوَارِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِهٖ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا
اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ **فصل پانچوین مخصوص**
تعقیب نماز عشا مین ہے سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے بسند معتبر
حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص بعد
نماز عشا سات بار سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ پڑہے تو وہ شب صبح تک حفظ
الٰہی مین رہتا ہے اور حق تعالیٰ ضامن اوسکی جان و مال کا ہوتا ہے
جمیع آفتون سے اور کلینی نے بسند معتبر اہلبیت علیہم السلام سے روایت

کی ہے کہ بعد نماز عشا یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ بِيَدِكَ مَقَادِيرُ اللَّيْلِ وَمَقَادِيرُ النَّهَارِ وَمَقَادِيرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَقَادِيرُ الْمَوْتِ وَالْحَيٰوةِ وَمَقَادِيرُ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَمَقَادِيرُ النَّصْرِ وَالْخِذْلَانِ وَمَقَادِيرُ الْغِنَاءِ وَالْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَفِيْ جَسَدِيْ وَاَهْلِيْ وَوَلَدِيْ اَللّٰهُمَّ ادْرَأْ عَنِّيْ فَسَقَةَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَاجْعَلْ مُنْقَلَبِيْ اِلٰى خَيْرٍ دَائِمٍ وَنَعِيْمٍ لَا يَزُوْلُ اور طب الائمہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ محافظت کرنا چاہیے آفتوں سے اپنے جان و مال و عیال کے بسبب اس دعا پڑہنے کے بعد نماز عشا کے اُعِيْذُ نَفْسِيْ وَذُرِّيَّتِيْ وَاَهْلَ بَيْتِيْ وَمَالِيْ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ اور شیخ طوسی علیہ الرحمہ وغیرہ نے فرمایا ہے کہ مستحب ہے بعد نماز عشا کے ہر ایک سورہ کا سورۂ فاتحہ و سورۂ توحید و سورۂ قل اعوذ برب الناس و سورۂ قل اعوذ برب الفلق سے دس دس بار پڑہنا اور دس بار کہنا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ کا اور دس بار پڑہنا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کا اور فرمایا ہے کہ مستحب ہے کہ یہ دعا بھی پڑہے اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاَسْبِغْ عَلَيَّ مِنْ حَلَالِ رِزْقِكَ وَمَتِّعْنِيْ بِالْعَافِيَةِ مَا اَبْقَيْتَنِيْ فِيْ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَجَمِيْعِ جَوَارِحِ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ يَا اَرْحَمَ

الرّاحمین اور کتاب طب الائمہ مین حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے
روایت کی ہے کہ جو شخص بعد نماز عشا یہ دعا کو پڑھے تو تمام شب و روز
محفوظ رہتا ہے سب دردون سے اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَ اَعُوْذُ بِرَحْمَۃِ
اللّٰہِ وَ اَعُوْذُ بِسُلْطَانِ اللّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَ اَعُوْذُ
بِکَرَمِ اللّٰہِ وَ اَعُوْذُ بِجَمْعِ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَ شَیْطَانٍ
مَرِیْدٍ وَ کُلِّ مُغْتَالٍ وَ سَارِقٍ وَ عَارِضٍ وَ مِنْ شَرِّ السَّامَّۃِ
وَ الْھَامَّۃِ وَ الْعَامَّۃِ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَّۃٍ صَغِیْرَۃٍ اَوْ کَبِیْرَۃٍ
بِلَیْلٍ اَوْ نَھَارٍ وَ مِنْ شَرِّ فُسَّاقِ الْعَرَبِ وَ الْعَجَمِ وَ فُجَّارِھِمْ وَ
مِنْ شَرِّ فَسَقَۃِ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ
اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ فصل چھٹی
بیان مین اون دعاؤن کے ہے کہ جنھین سوتے وقت پڑھنا چاہیے
جناب امیر المؤمنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو آیہ سخرہ یعنی کریمہ
اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ
ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی اللَّیْلَ النَّھَارَ یَطْلُبُہٗ حَثِیْثًا
وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِہٖ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَ
الْاَمْرُ تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ سوتے وقت پڑھے تو فرشتے حفاظت
کرتے ہیں اوسکی اور شیاطین اوس سے دور رہتے ہین اور شیخ طبرسی علیہ
الرحمہ نے کتاب مجمع البیان مین لکھا ہے کہ جو سوتے وقت تلاوت کرے
آیہ شہد اللّٰہ اَنَّہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَ اُولُو الْعِلْمِ قَآئِمًا
لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ

وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ
الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيَاتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ
الْحِسَابِ تو حق تعالی برکت سے اس آیہ کے ستر ہزار فرشتہ پیدا
کرتا ہے تا کہ قیام قیامت تک وہ سب اوسکے لئے استغفار کرین اور حضرت
امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو گیارہ دفعہ سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ
پڑھے جب کہ فرش خواب پر جائے تو حق تعالی برکت سے اوس سورہ کی
ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے کہ ہاتھ اوس فرشتہ کا بڑا ہے ساتون آسمانون
اور زمینون سے اور اوسکے ہر عضو کے بال اور روئین کلام کرتین ہین
اور قوت اوسمین مثل قوت جن وانس کے ہے پس تمام روئین اوسکے
روز قیامت تک استغفار کرین گے واسطے اوس شخص کے اور حدیث
صحیح مین حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ ہاتھ زیر سر
رکھ کے سوئے اور سوتے وقت کہے بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْلَمْتُ
نَفْسِیْ اِلَیْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِیْ اِلَیْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ
وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِیْ اِلَیْكَ وَتَوَكَّلْتُ عَلَیْكَ رَهْبَةً مِنْكَ وَ
رَغْبَةً اِلَیْكَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا اِلَّا اِلَیْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ
اَنْزَلْتَ وَبِرَسُوْلِكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ بعد ازان تسبیح حضرت فاطمہ
زہرا صلوات اللہ علیہا پڑھے اور دوسری حدیث صحیح مین ارشاد کیا کہ
سوتے وقت اس دعا کو ترک نکرنا چاہیئے اُعِیْذُ نَفْسِیْ وَذُرِّیَّتِیْ وَ
اَهْلَبَیْتِیْ وَمَالِیْ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَیْطَانٍ
هَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَیْنٍ لَامَّةٍ اس لئے کہ جناب رسالت مآب

علیہ وآلہ نے اس دعا کو تعویذ واسطے حسنین علیہم السلام کے قرار دیا تھا
اور اونہین حضرت سے منقول ہے کہ جو شب کو یہ دعا پڑھے تو وہ عقرب
اور تمام گزندون کی ایذا رسانی سے محفوظ رہتا ہے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ
اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ
وَمِنْ شَرِّ مَا بَرَأَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا
اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اور حضرت امام جعفر صادق علیہ
السّلام سے منقول ہے کہ جو سوتے وقت یہ آیت پڑھے تو مکان اوسپر
نگرے گا اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا
اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا اور
حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو قبل سونے کے
سو مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھے تو حق تعالیٰ اوسکے لئے بہشت مین مکان
تیار کرتا ہے اور جو کہ سو بار استغفار کرے گناہ اوسکے اسطرح اوس سے
دور ہوتے ہین جیسا کہ پتے درخت سے گرتے ہین اور جناب رسالتمآب
صلی اللہ علیہ وآلہ سے منقول ہے کہ جو سورۂ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ سوتے
وقت پڑھے تو عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے اور حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص بدخواب ہوتا ہو اور سوتے مین
ڈرتا ہو تو قبل سونے کے دس بار کہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا
شَرِیْكَ لَهٗ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَیُمِیْتُ وَیُحْیِیْ وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ
بعد ازان تسبیح حضرت فاطمہ علیہا السلام پڑھے اور حضرت امیر
المومنین علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جب خواب مین ڈرے یا

کسی درد مین مبتلا ہو تو اس آیت کو پڑہے وَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ
فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ
اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا اور جو لڑکا بہت روتا ہو اس آیہ کو اوسپر پڑہین
اور حدیث صحیح مین حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے
کہ جو کہ خائف ہو احتلام سے تو سوتے وقت جب فرش خواب پر جائے
تو یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاِحْتِلَامِ وَمِنْ سُوْٓءِ
الْاَحْلَامِ وَمِنْ اَنْ يَتَلَاعَبَ بِيَ الشَّيْطَانُ فِي الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ
اور حدیث حسن مین حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول
ہے کہ اگر کوئی خواب پریشان دیکھے تو جس کروٹ سے سوتا ہو اوس
کروٹ سے نہ سوئے بلکہ کروٹ بدل لی اور کہے اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ
الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْئًا اِلَّا
بِاِذْنِ اللّٰهِ بعد اوسکے کہے عُذْتُ بِمَا عَاذَتْ بِهٖ مَلٰٓئِكَةُ اللّٰهِ
الْمُقَرَّبُوْنَ وَاَنْبِيَآءُ اللّٰهِ الْمُرْسَلُوْنَ وَعِبَادُ اللّٰهِ الصَّالِحُوْنَ وَ
الْاَئِمَّةُ الرَّاشِدُوْنَ الْمَهْدِيُّوْنَ مِنْ شَرِّ مَا رَاَيْتُ مِنْ رُؤْيَايَ
اَنْ تَضُرَّنِيْ وَمِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ بعد ازان بائین طرف تین بار
تھوکے اور حدیث معتبر مین حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے
منقول ہے کہ جسکو نیند نہ آتی ہو وہ یہ دعا پڑہے سُبْحَانَ اللّٰهِ ذِي
الشَّانِ دَآئِمِ السُّلْطَانِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَانٍ **فصل ساتوین**
بیان نماز شب مین ہے اور اوسمین کئی فائدہ ہین فائدہ پہلا جان تو
کہ روایات متظافرہ اہلبیت عصمت و طہارت علیہم السلام سے فضیلت

نماز شب مین وارد ہین چنانچہ کتاب کافی مین بسند صحیح حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ شرف و بزرگی بندہ مومن کے بجالانے مین نماز شب کے ہے اور عزت اوسکے بے نیازی خلق مین ہے یعنے جب احسان مند خلق کا نہوگا تو اوسے عزت حاصل ہوگی اور اوسی کتاب مین بسند حسن ماثور ہے عبد اللہ بن سنان سے کہ کہا اونہون نے کہ سنا مینے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد کرتے تھے کہ تین چیزین موجب فخر مومن ہین اور باعث اوسکی زینت کے ہین دنیا و آخرت مین بجالانا نماز شب کا اور نا امید رہنا بندونسے اور محبت اور دوستی کرنا کسی امام سے کہ وہ عترت جناب رسالت مآب مین ہو اور کتاب تہذیب الاحکام مین بسند صحیح منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ کوئی بندہ مومن ایسا نہین کہ ہر شب ایک بار یا دو بار بیدار نہ کیا جائے پس اگر اوٹھے تو بہتر ہے و اگر نہ شیطان کج ہو کے پیشاب کرتا ہے کان مین اوسکے آیا نہین دیکھتے تم کہ جب کوئی شخص تم مین سے شب کو بیدار نہو تو اوٹھتا ہے درحالیکہ کسلمند ہو اور اوسی کتاب مین بسند صحیح منقول ہے کہ راوی نے اس روایت کو بگوش خود سنا کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد کیا کہ تحقیق کہ ہر شب مین ایک ایسی ساعت ہے کہ کوئی مومن اور مسلم ایسا نہوگا کہ اوسوقت نماز نہ پڑہے اور دعا کرے مگر یہ کہ دعا اوسکی حق تعالی مستجاب کرتا ہے اور عبادت اوسکی قبول کرتا ہے راوی نے عرض کیا کہ وہ کونسی ساعت ہے حضرت نے فرمایا کہ بعد نصف شب سے ثلث شب باقی رہے فائدہ دوسرا جان تو کہ جب بیدار ہو

تو سزاوار ہے کہ سجدہ در گاہ جناب باری میں کرے اسلئے کہ منقول ہے
کہ جب جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ بیدار ہوتے تھے تو سجدہ
کرتے تھے اور چاہیے کہ اثنائے سجدہ میں یا بعد سجدہ یہ دعا پڑھے اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانِيْ بَعْدَ مَا اَمَاتَنِيْ وَاِلَيْهِ الْبَعْثُ وَالنُّشُوْرُ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِيْ رَدَّ عَلَيَّ رُوْحِيْ لِاَحْمَدَهٗ وَاَعْبُدَهٗ اور حضرت امام محمد باقر
علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب شب کو بیدار ہو تو نظر کرے طرف
اطراف آسمان کے اور کہے اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ لَا يُوَارِيْ عَنْكَ لَيْلٌ
سَاجٍ وَلَا سَمَاۗءٌ ذَاتُ اَبْرَاجٍ وَلَا اَرْضٌ ذَاتُ مِهَادٍ وَلَا ظُلُمَاتٌ
بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ وَلَا بَحْرٌ لُجِّيٌّ تُدْلِجُ بَيْنَ يَدَيِ الْمُدْلِجِ
مِنْ خَلْقِكَ تَعْلَمُ خَاۗئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ
غَارَتِ النُّجُوْمُ وَنَامَتِ الْعُيُوْنُ وَاَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَاِلٰهِ الْمُرْسَلِيْنَ
بعد ازاں ان پانچ آیتوں کو کہ آخر سورۂ آل عمران میں ہیں پڑھے اِنَّ
فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ
لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا
قُعُوْدًا وَّعَلٰي جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا
عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ
لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

كَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلٰی رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

فائدہ تیسرا مخفی نرہے کہ اول وقت نماز شب نصف شب ہے اور جسقدر صبح صادق سے قریب ہو تو بہتر ہے پس اگر صبح طالع ہو جاے اور چار رکعتین نہ پڑہ چکا ہو تو باقی مخفف ادا کرے اور فقط سورہ حمد پر اکتفا کرے اور نیت ادا کی کرے اور واسطے صاحب عذر کے جائز ہے کہ قبل نصف شب نماز شب پڑہ لے لیکن قضا افضل ہے تقدیم سے پس جب کہ نصف شب ہوتی ہے تو وقت نماز شب داخل ہوتا ہے اور نماز شب کی آٹھہ رکعتین ہین بعد دو رکعتون کے سلام ہے اور کبھی دو رکعتین شفع اور ایک رکعت وتر بھی داخل نماز شب مین ہوتی ہے اور مجموع کو نماز شب کہتے ہین اور جب وقت نماز شب داخل ہو پس اگر احتیاج بیت الخلا کی ہو تو پہلے اوس سے فراغت کرے ساتھہ اون آداب و شرائط کے کہ کتب فقہیہ مین مسطور ہین بعد ازان وضو کرے اور آداب و شرائط وضو کے بہی مشہور ہین اور جب کہ وضو سے فارغ ہو تو عطر ملے اسلئے کہ حدیث مین ہے کہ وہ دو رکعتین کہ عطر لگا کے پڑہے بہتر ہین اون ستر رکعتون سے کہ بغیر عطر لگانے کے پڑہے بعد ازان چاہئے کہ رو بقبلہ بیٹھ کے یہ دعا پڑہے اور اس دعا کو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام پڑہا کرتے تھے اِلٰهِیْ غَارَتْ نُجُوْمُ سَمَآئِكَ وَنَامَتْ عُيُوْنُ اَنَامِكَ وَهَدَاَتْ اَصْوَاتُ عِبَادِكَ وَاَنْعَامِكَ

وَغَلَّقَتِ الْمُلُوْكُ عَلَيْهَا اَبْوَابَهَا وَطَافَ عَلَيْهَا حُرَّاسُهَا
وَاحْتَجَبُوْا عَمَّنْ يَسْأَلُهُمْ حَاجَةً اَوْ يَنْتَجِعُ مِنْهُمْ فَائِدَةً
وَاَنْتَ اِلٰهِيْ حَيٌّ قَيُّوْمٌ لَا تَأْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ وَّلَا
يَشْغَلُكَ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ اَبْوَابُ سَمَائِكَ لِمَنْ دَعَاكَ
مُفَتَّحَاتٌ وَخَزَائِنُكَ غَيْرُ مُغَلَّقَاتٍ وَاَبْوَابُ رَحْمَتِكَ
غَيْرُ مَحْجُوْبَاتٍ وَفَوَائِدُكَ لِمَنْ سَأَلَكَ غَيْرُ مَحْظُوْرَاتٍ
بَلْ هِيَ مَبْذُوْلَاتٌ اِلٰهِيْ اَنْتَ الْكَرِيْمُ الَّذِيْ لَا تَرُدُّ سَائِلًا
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ سَئَلَكَ وَلَا تَحْتَجِبُ عَنْ اَحَدٍ مِنْهُمْ اَرَادَكَ
لَا وَعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ لَا تَخْتَزِلُ حَوَائِجَهُمْ دُوْنَكَ
وَلَا يَقْضِيْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ وَقَدْ تَرَانِيْ وَوُقُوْفِيْ
وَذُلَّ مَقَامِيْ بَيْنَ يَدَيْكَ تَعْلَمُ سَرِيْرَتِيْ وَتَطَّلِعُ عَلٰى
مَا فِيْ قَلْبِيْ وَمَا يَصْلُحُ بِهٖ اَمْرُ اٰخِرَتِيْ وَدُنْيَايَ اَللّٰهُمَّ ذِكْرُ
الْمَوْتِ وَاَهْوَالُ الْمُطَّلَعِ وَالْوُقُوْفُ بَيْنَ يَدَيْكَ نَغَّصَنِيْ
مَطْعَمِيْ وَمَشْرَبِيْ وَاَغَصَّنِيْ بِرِيْقِيْ وَاَقْلَقَنِيْ عَنْ وِسَادِيْ
وَمَنَعَنِيْ رُقَادِيْ كَيْفَ يَنَامُ مَنْ يَّخَافُ مَلَكَ الْمَوْتِ
فِيْ طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَطَوَارِقِ النَّهَارِ بَلْ كَيْفَ يَنَامُ الْعَاقِلُ
وَمَلَكُ الْمَوْتِ لَا يَنَامُ لَا بِاللَّيْلِ وَلَا بِالنَّهَارِ وَيَطْلُبُ
رُوْحَهٗ بِالْبَيَاتِ وَفِيْ اٰنَاءِ السَّاعَاتِ بعدازاں وہ حضرت
سجدہ فرماتے تھے اور رخسار و نکو زمین پر رکھتے تھے اور کہتے تھے
اَسْأَلُكَ الرَّوْحَ وَالرَّاحَةَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ حِيْنَ اَلْقَاكَ

بعد ازان نماز شب پڑہے اور چاہیے کہ قبل شروع کرنے نماز شب کے یہ دعا پڑہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَاٰلِہٖ وَاُقَدِّمُھُمْ بَیْنَ یَدَیْ حَوَائِجِیْ فَاجْعَلْنِیْ بِہِمْ وَجِیْھًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِہِمْ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ بِہِمْ وَاھْدِنِیْ بِہِمْ وَلَا تُضِلَّنِیْ بِہِمْ وَارْزُقْنِیْ بِہِمْ وَلَا تَحْرِمْنِیْ بِہِمْ وَاقْضِ لِیْ حَوَائِجَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَبِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ بعد ازان دو رکعتین نماز شب مین سے پڑہنا شروع کرے او ما بتدا کرے تین تکبیرون سے اور یہ دعا پڑہے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ وَبِحَمْدِکَ عَمِلْتُ سُوْءً وَظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ بعد ازان دو تکبیرین کہے اور یہ دعا پڑہے لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ وَالْخَیْرُ فِیْ یَدَیْکَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْکَ وَالْمَھْدِیُّ مَنْ ھَدَیْتَ عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدَیْکَ ذَلِیْلٌ بَیْنَ یَدَیْکَ مِنْکَ وَبِکَ وَلَکَ وَاِلَیْکَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا وَلَا مَفَرَّ وَلَا مَھْرَبَ مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ سُبْحَانَکَ وَحَنَانَیْکَ تَبَارَکْتَ تَعَالَیْتَ سُبْحَانَکَ رَبَّنَا وَرَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ بعد ازان ایک اور تکبیر کہے او نیت کرے کہ نماز شب پڑہتا ہون سنت قربۃً الی اللہ او متصل نیت تکبیرۃ الاحرام کہے اور یہ دعا پڑہے وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ عَالِمِ الْغَیْبِ

وَالشَّہَادَۃِ عَلٰی مِلَّۃِ اِبْرَاہِیْمَ وَدِیْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَاٰلِہٖ وَمِنْہَاجِ عَلِیٍّ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ حَنِیْفًا مُسْلِمًا
وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَ
مَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ
وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ بعد ازان سورۂ حمد اور ایک سورہ پڑہے اور
رکوع وسجود بطریق نماز صبح بجالائے اور سنت ہے کہ رکوع مین
یہ دعا پڑہے اَللّٰھُمَّ رَکَعْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ
وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبِّیْ خَشَعَ لَکَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ
وَشَعْرِیْ وَبَشَرِیْ وَلَحْمِیْ وَدَمِیْ وَعَصَبِیْ وَعِظَامِیْ
وَمَا اَقَلَّتْہُ قَدَمَایَ غَیْرَ مُسْتَنْکِفٍ وَلَا مُسْتَکْبِرٍ وَلَا
مُسْتَحْسِرٍ بعد ازان سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ پڑہے
اور بہتر یہ ہے کہ تین بار سے کم نہ پڑہے اور سجدہ مین یہ دعا پڑہے
اَللّٰھُمَّ لَکَ سَجَدْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ
وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبِّیْ سَجَدَ وَجْہِیَ لِلَّذِیْ
خَلَقَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
تَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ بعد ازان تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ کہے اور جب دونو سجدونسے
فارغ ہو تو دوسری رکعت کے لئے اوٹھے اور سورۂ حمد اور ایک
اور سورہ پڑہے اور بعد ازان قنوت کے لیئے ہاتھ بلند کرے اور قنوت
پڑہے اور رکوع وسجود بطریق مذکور بجالائے اور تشہد پڑہے اور سلام

پھیرے اور اسی طرح اور دو رکعتین پڑہے یہان تک کہ آٹھ رکعتین
نماز شب کی تمام وکمال بجالائے اور سنتی نمازون کو بلا عذر بیٹھ کے
بھی پڑھ سکتا ہے لیکن کھڑے ہو کے پڑہنا بہتر وافضل ہے اسلئے
کہ حدیث مین وارد ہے اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ اَحْمَزُهَا یعنی جو عمل زیادہ
مشکل وتلخ ہو اوسمین فضیلت بھی زیادہ ہوتی ہے اور جان تو کہ
پہلی رکعت مین نماز شب کے بعد سورۂ حمد تیس مرتبہ سورۂ توحید پڑہے
اور دوسری رکعت مین بعد سورۂ حمد کے سورۂ جحد پڑہے اور باقی
چھ رکعتون مین طولانی سورے پڑہے مثل سورہ انعام اور کہف
ویس اور حوامیم وغیرہ اور اگر زبانی نہ پڑہ سکتا ہو تو قرآن مجید
مین دیکھ کے پڑہے اور اگر وقت تنگ ہو تو فقط سورہ حمد اور
سورۂ توحید پر دونو رکعتون مین اکتفا کرے بلکہ جائز ہے فقط سورہ حمد
پر اکتفا کرنا اور جانتو کہ قنوت ہر دوسری رکعت مین آٹھ رکعتون سے
نماز شب کی سنت ہے اور قنوت مین کہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا
وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ
قَدِيْرٌ اور سزاوار ہے کلمات فرج پڑہنا یعنی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْعَظِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ
رَبِّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا
فِيْهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اور طول دینا قنوت مین خصوصًا درمیان نماز شب
اسلئے کہ وقت اوسکا وسیع ہے اور بعض احادیث مین وارد ہے

کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ نے فرمایا کہ جو شخص دنیا
مین قنوت طولانی پڑہے تو وہ قیامت اوسے راحت بھی بہت
ملیگی اور دعائین قنوت کی کتب ادعیہ مین ائمہ علیہم السلام سے بہت
منقول ہین اور اگر یہ دعاے مختصر کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ
السلام سے منقول ہے قنوت مین پڑہے تو بہتر ہے اِلٰہِی کَیْفَ
اَدْعُوْكَ وَقَدْ عَصَیْتُكَ وَكَیْفَ لَا اَدْعُوْكَ وَقَدْ
عَرَفْتُ حُبَّكَ فِیْ قَلْبِیْ وَاِنْ كُنْتُ عَاصِیًا مَدَدْتُ
اِلَیْكَ یَدًا بِالذُّنُوْبِ مَمْلُوَّةً وَعَیْنَاً بِالرَّجَاءِ مَمْدُوْدَةً
مَوْلَایَ اَنْتَ عَظِیْمُ الْعُظَمَاءِ وَاَنَا اَسِیْرُ الْاُسَرَاءِ
اَنَا الْاَسِیْرُ بِذُنُوْبِیْ اَلْمُرْتَهِنُ بِجُرْمِیْ اِلٰهِیْ لَئِنْ طَالَبْتَنِیْ
بِذُنُوْبِیْ لَاُطَالِبَنَّكَ بِكَرَمِكَ وَلَئِنْ طَالَبْتَنِیْ بِجَرِیْرَتِیْ
لَاُطَالِبَنَّكَ بِعَفْوِكَ وَلَئِنْ اَمَرْتَ بِیْ اِلَی النَّارِ لَاُخْبِرَنَّ
اَهْلَهَا اِنِّیْ كُنْتُ اَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
اَللّٰهُمَّ اِنَّ الطَّاعَةَ تَسُرُّكَ وَالْمَعْصِیَةَ لَا تَضُرُّكَ
فَهَبْ لِیْ مَا یَسُرُّكَ وَاغْفِرْ لِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ یَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِیْنَ پس جب کہ قنوت سے فارغ ہو تو رکوع و سجود بطریق
مذکور بجا لائے اور درست بیٹھ کے تشہد پڑہے اور بہتر یہ ہے کہ
